20.11.2024

2115 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

..................................

☆ آج مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے واحد مرحلے میں 58 اعشارہ چار ایک فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ جھارکھنڈ اسمبلی انتخاب کے دوسرے مرحلے میں 67 اعشاریہ سات ایک فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

☆ مہاراشٹر کے ناندیڑ کے پارلیمانی حلقے اور چار ریاستوں میں پھیلی 15 اسمبلی سیٹوں پر ضمنی چناؤ بھی ہوا۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کو ہوگی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے جارج ٹاؤن میں گیانا کے صدر ڈاکٹر محمد عرفان علی سے مذاکرات کئے ہیں۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے Laos میں چین کے اپنے ہم منصب Dong Jun سے دوطرفہ بات چیت کی ہے۔

☆ بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فیسٹیول گوا میں عظیم الشان افتتاحی تقریب کے ساتھ شروع ہوگیا ہے۔ اس موقع پر پرسار بھارتی نے اپنے OTT پلیٹ فارم Waves کا آغاز کیا ہے۔

☆ اور ہاکی میں آج راجگیر میں کھیلے گئے فائنل میں خواتین کی بھارتی ہاکی ٹیم نے چین کو ہراکر خواتین کی ایشیائی چمپئنس ٹرافی جیت لی ہے۔

..................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Maha Polls**

مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے تحت اسمبلی انتخابات میں آخری خبریں ملنے تک 58 اعشاریہ چار ایک فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ ریاست میں واحد مرحلے کے تحت سبھی 288 سیٹوں پر آج ووٹ ڈالے گئے ۔
مہاراشٹر کے ناندیڑ پارلیمانی حلقے اور چار ریاستوں میں پھیلی 15 اسمبلی سیٹوں پر آج ضمنی چناؤ بھی ہوا۔ ناندیڑ میں شام پانچ بجے تک 53 اعشاریہ سات آٹھ فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار، انتخابی کمشنر گیانیش کمار اور ڈاکٹر سُکھبیر سنگھ سندھو کے ساتھ انتخابات میں شمولیت کو بڑھانے کے سلسلے میں اقدامات سمیت چناؤ عمل پر قریبی نگاہ رکھے ہوئے تھے۔X

**Jharkhand Polling**

جھارکھنڈ میں دوسرے اور آخری مرحلے کے اسمبلی انتخابات کے تحت 12 اضلاع میں پھیلے 38 اسمبلی حلقوں میں پولنگ پُر امن رہی۔ شام پانچ بجے تک تقریباً 67 اعشاریہ سات ایک فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ ایڈیشنل چیف انتخابی افسر نیہا اروڑا نے کہا کہ ووٹنگ فیصد میں اضافے کا امکان ہے کیونکہ دور دراز کے علاقوں سے رپورٹ آنی باقی ہے۔ آج کی پولنگ کے بعد 55 خواتین سمیت 528 امیدواروں کی سیاسی قسمت الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں بند ہوگئی۔ ووٹوں کی گنتی اس ماہ کی 23 تاریخ کو ہوگی۔

**President Telangana**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے تلنگانہ کا دو روزہ کریں گی۔ اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ کل حیدرآباد میں Koti Deepotsavam-2024 میں شرکت کریں گی۔ جمعہ کے روز صدر جمہوریہ مرمو حیدرآباد میں Lokmanthan-2024 میں افتتاحی خطاب کریں گی۔x

**FurtherRev.PM Guyana Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام جارج ٹاؤن میں Guyana کے صدر محمد عرفان علی کے ساتھ وفد کی سطح مذاکرات کیے۔ دونوں لیڈروں کے درمیان بات چیت کے بعد 5 سمجھوتوں پر دستخط بھی کیے گئے۔ اِن میں طبّی مصنوعات کے ضابطے، ہائیڈرو کاربن کے شعبے، زراعت اور اُس سے منسلک شعبوں میں باہمی تعاون اور UPI کی سہولیات میں تعاون شامل ہے۔
اس سے قبل جناب مودی کو جارج ٹاؤن کے اسٹیٹ ہاؤس میں روایتی گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔

وزیر اعظم مودی اس ملک کے تین روزہ دورے پر آج صبح Guyana پہنچے ہیں۔ ایک غیر متوقع واقعے میں ہوائی اڈّے پر جناب مودی کا خیر مقدم، صدر ڈاکٹر محمد عرفان علی، وزیر اعظم مارگ انتھونی فلپس اور ایک درجن سے زیادہ کابینی وزراء نے کیا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ 56 سالوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا Guyana کا یہ پہلا دورہ ہے۔

## All Party Meeting

حکومت، پارلیمنٹ کے سرماہی اجلاس سے قبل اس مہینے کی 24 تاریخ کو ایک کُل پارٹی میٹنگ منعقد کرے گی۔ اس میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کریں گے۔ میٹنگ میں حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے تمام سیاسی پارٹیوں کی حمایت حاصل کرے گی کہ اجلاس کے دوران لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی معمول کے مطابق جاری رہے۔ پارلیمنٹ کا سرماہی اجلاس اس مہینے کی 25 تاریخ سے شروع ہوگا اور 20 دسمبر تک جاری رہے گا۔ البتہ 26 نومبر کو یومِ آئین تقریب کے موقع پر پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہوگا۔×

## Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج لاؤس میں اپنی چینی ہم منصب Dong Jun سے باہمی ملاقات کی۔ جناب سنگھ آسیان وزراء دفاع کی میٹنگ پلَس ADMM-Plus میں شرکت کرنے کے لیے لاؤس کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ میٹنگ کے دوران وہ علاقائی اور بین الاقوامی سکیورٹی معاملات پر فورم سے خطاب بھی کریں گے۔ میٹنگ کے موقع پر توقع ہے کہ جناب سنگھ آسٹریلیا، جاپان، لاؤس، ملیشیا، نیوزی لینڈ، فلپائنز، جنوبی کوریا اور امریکہ کے شرکت کرنے والے اپنے ہم منصبوں سے باہمی ملاقات بھی کریں گے۔ اِن میٹنگوں کا مقصد، اِن ممالک کے ساتھ باہمی دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے۔×

## Govt PM GatiShakti

حکومت نے کہا ہے کہ پی ایم گتی شکتی کے نیٹ ورک پلاننگ گروپ کے ذریعہ 15 لاکھ 89 ہزار کروڑ روپے مالیت کے 228 بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے 2021 میں پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کا آغاز کیا تھا جس کا مقصد بنیادی ڈھانچے کی منصوبہ بندی میں تیزی لانا اور اس میں تال میل قائم کرنا تھا۔ آج نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صنعت اور اندرون ملک تجارت کے فروغ کے محکمے کہ ایڈیشنل سکریٹری راجیو سنگھ ٹھاکر نے کہا کہ

پی ایم گتی شکتی پہل سے پروجیکٹوں کی لاجسٹک لاگت میں کمی آئی ہے اور ان کی مجموعی عمل آوری بہتر ہوئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ گزشتہ تین برس کے دوران 44 مرکزی وزارتوں اور سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو پی ایم گتی شکتی سے مربوط کیا گیا ہے۔

## PMAYG 8 Years

آج پردھان منتری آواس یوجنا گرامین کے 8 برس مکمل ہونے کے موقع پر دیہی ترقی کی وزارت نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ یہ اسکیم دیہی بھارت کو بااختیار بنانے، سماجی مساوات کو فروغ دینے اور حاشیہ پر رہ رہی برادریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کی خاطر ایک تحریک ہے۔
وزارت نے مزید کہا ہے کہ اس اہم اسکیم کے تحت سبھی مستحق بے گھر افراد کو ضروری سہولیات کے ساتھ پکے مکانات فراہم کئے جارہے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت آئندہ پانچ برس میں کُل تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت سے دو کروڑ مزید مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔X

## Coas Nepal Visit

فوجی عملے کے سربراہ (COAS) جنرل اوپیندر دِویدی آج نیپال کے چار روزہ دورے پر روانہ ہو گئے۔ اس دورے کا مقصد دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان فوجی تعاون کو مستحکم کرنا اور تعاون کی نئی جہتوں کی جستجو کرنا ہے۔ اپنے دورے کے دوران جنرل دِویدی کو، نیپال کے صدر رام چندرا پوڈیل کے ذریعے نیپالی فوج کے اعزازی جنرل کے عہدے سے نوازا جائے گا۔ اپنے دورے کے پہلے دن جنرل دِویدی نیپال کے اپنے ہم منصب جنرل اشوک راج Sigdel کے ساتھ غیر رسمی بات چیت کریں گے۔ وہ نیپال میں بھارتی سفیر نوین شریواستوا سے بھی ملاقات کریں گے۔ دوسرے دن جنرل دِویدی کو نیپال کے فوجی ہیڈکوارٹرس میں گارڈ آف آنر پیش کیا جائے گا، جس کے بعد جنرل Sigdel کے ساتھ بات چیت ہوگی۔ نیپالی فوج کے فوجی آپریشنز کے ڈائریکٹر جنرل (DGM)، اُنہیں باہمی مفاد کے معاملات پر تفصیلات بھی فراہم کریں گے۔×

## India Japan Joint Service

بھارت کے انٹی گریٹڈ ڈیفینس اسٹاف کے ہیڈکوارٹر (HQ IDS) اور جاپان کی جوائنٹ اسٹاف سیلف ڈیفینس فورس (JSDF) کے درمیان بھارت۔جاپان جوائنٹ سروسز اسٹاف (JSST) مذاکرات آج نئی دلی میں اختتام پذیر ہوئے۔ JSST بھارت اور جاپان کے درمیان مسلسل اور طریقہ کار سے متعلق اعلیٰ سطح کے تبادلہ خیال کے ذریعہ

دفاعی اشتراک میں پیش رفت کی خاطر ایک فورم ہے۔ وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں ملکوں نے اپنی دفاعی شراکت داری کے اہم عنصر کے طور پر خلاء اور سائبر ٹیکنالوجی میں اشتراک بڑھانے کے مشترکہ عہد کا اظہار کیا ہے۔X

**US Embassy Kyiv**

یوکرین کی راجدھانی کِیو میں امریکی سفارتخانے کو ایک ممکنہ ہوائی حملے کے مدِنظر بند کر دیا گیا ہے۔ امریکی محکمۂ خارجہ کے کونسل خانے کے امور نے ایک بیان میں کہا کہ یوکرین کی راجدھانی میں سفارتخانے کو آج ایک بڑے حملے کی خبر موصول ہوئی تھی۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ احتیاط کے طور پر سفارتخانہ بند رہے گا اور امریکی شہریوں کو صلاح دی گئی ہے کہ اگر کسی فضائی حملے کا الرٹ جاری کیا جاتا ہے تو وہ فوری طور پر پناہ لینے کے لیے تیار رہیں۔ یہ وارننگ یوکرین کی جانب سے امریکہ کے فراہم کردہ ATACMS میزائلوں کے روسی علاقے پر حملے کے ایک دن بعد جاری کی گئی ہے۔ یہ حملے وہاں جنگ کے ایک ہزارویں دن صدر جو بائیڈن کے سبکدوش ہونے والے انتظامیہ کی جانب سے اجازت دینے کے بعد کیے گئے۔x

**Chhattisgarh ED**

بِٹ کوائن گھپلے معاملے کے سلسلے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، ED کے حکام نے آج چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں سائبر ایکسپرٹ گورَو مہتا کی رہائش پر چھاپہ مارا۔ تحقیقات کے دوران حکام نے گورَو مہتا کے دستاویزات کی تلاشی لی۔ معلومات کے مطابق گورَو مہتا پونے میں قائم ایک مشاورتی کمپنی کے لیے کام کرتا ہے۔ یہ وہی کمپنی ہے، جو 6 ہزار 600 کروڑ روپے کے کرپٹو کرنسی گھپلے کی تحقیقات میں پونے پولیس کی مدد کر رہی ہے۔ ED اس معاملے کی تحقیقات کرے گی۔x

**IFFI**

آج بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے دوران پُرسار بھارتی کے Waves OTT کا آغاز کیا گیا۔ یہ پلیٹ فارم کئی زبانوں میں نیوز، انٹرٹینمینٹ، فلم، ٹی وی کے شوز اور گیمز کے مختلف چینلوں تک رسائی فراہم کرے گا۔ اس سے قبل ڈاکٹر شیامہ پرساد مکھرجی انڈور اسٹیڈیم میں بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کا آغاز ہوا جو اس ماہ کی 28 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اس تقریب میں بالی وڈ کے اداکاروں نے سحر انگیز پرفارمینس دیں اور 90 کی دہائی کو یاد کیا گیا ۔ اِس تقریب میں راج کپور اور محمد رفیع جیسی سرکردہ شخصیات کو

Visual ، شاعری اور موسیقی کے ذریعہ خیراج تحسین پیش کیا گیا۔X

## India COP29

بھارت نے ترقی یافتہ ملکوں پر زور دیا ہے کہ وہ ترقی پذیر ملکوں کی اُن مالی ضروریات سے وابستہ وعدوں کو پورا کریں جن پر اتفاق رائے ہوچکا ہے۔

بھارت نے یہ بات آزربائیجان کے شہر باکو میں آب وہوا میں تبدیلی سے متعلق COP29 کے اجلاس کے دوران وزارتی مذاکرات کے دوران ایک بیان میں کہی۔ بھارت نے یہ بھی کہا کہ ترقی پذیر ملک بڑی حد تک ترقی یافتہ ملکوں کے گیسوں کے اخراج کی وجہ سے آب وہوا میں تبدیلی کے اثرات سے پریشانی میں مبتلا ہورہے ہیں۔ ترقی پذیر ملکوں میں لوگوں کی روٹی روزی بھی خطرے میں پڑگئی ہے۔ بھارت نے فوری طور پر گزشتہ کانفرنس میں کیے گئے مالی وعدوں کو پورا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## Hockey Final Result

ہاکی میں بھارت نے خواتین کی ایشیائی چمپئنس ٹرافی جیت لی ہے۔ آج بہار کے راجگیر ہاکی اسٹیڈیم میں فائنل مقابلے میں خواتین کی بھارتی ہاکی ٹیم نے چین کو صفر کے مقابلے ایک گول سے ہراکر لگاتار دوسری مرتبہ خطاب جیتا۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارت نے جنوبی کوریا کی برابری کرلی ہے جس نے تین مرتبہ خطاب جیتا ہے۔

چین کی لگاتار کوششوں کے باوجود کھیل کے پہلے ہاف میں کوئی ٹیم کوئی گول نہیں کرسکی۔ تاہم دفاعی چمپئن بھارت نے دوسرے ہاف میں زیادہ جارحانہ رُخ اختیار کیا اور تیسرے کوارٹر میں دیپیکا کے گول کی بدولت بھارتی ٹیم جیت سے ہم کنار ہوئی۔X

## Badminton China Masters

بیڈمنٹن میں آج چین کے Shenzhen میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو، ملویکا بنسوڑ اور لکشیہ سین چائنا ماسٹرس ٹورنامنٹ 2024 کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ پی وی سندھو نے خواتین سنگلز کے پہلے دور میں ملیشیا کی کھلاڑی کو اکیس۔سترہ، اکیس۔اُنیس سے ہرایا۔ دوسری جانب ملویکا نے خواتین سنگلز کے ایک دوسرے میچ میں ڈنمارک کی کھلاڑی کو پہلا گیم ہارنے کے باوجود بیس۔بائیس، تیئیس۔اکیس، اکیس۔سولہ سے شکست دی۔

اِس دوران لکشیہ سین نے مردوں کے سنگلز کے پہلے دور میں ملیشیا کے کھلاڑی Lee Jii Zia کو اکیس۔چودہ، تیرہ۔اکیس، اکیس۔تیرہ سے ہرایا۔X